# نصابِ تعلیم

## جامعۃ الفلاح

بلریاگنج، اعظم گڑھ، یوپی (انڈیا)

ابتدائی، ثانوی، مولوی، عالمیت، فضیلت

(برائے طلبہ وطالبات)

مع قواعد وضوابط

**سنِ اشاعت:**

۲۰۲۶ء/۱۴۴۷ھ

**منجانب:**


دفترِ اہتمام، جامعۃ الفلاح

**Jamiatul Falah**

Bilariyaganj, Azamgarh, U.P. (INDIA) 276121

Mob: 9005165351, 9452411642

Website: www.jamiatulfalah.org

Email: jamiatulfalah1962@gmail.com

## خصوصیات

- ☆ قرآن وحدیث کی محققانہ تعلیم
- ☆ دینی وعصری علوم کا حسین امتزاج
- ☆ دعوتِ دین اور اصلاحِ امت کے لیے افراد سازی
- ☆ فقہ اسلامی کی تعلیم کا تقابلی اسلوب
- ☆ وسعتِ نظر اور کشادہ ظرفی
- ☆ عمدہ وصالح تربیت
- ☆ حفظ کے ساتھ شعبۂ ثانوی کے معیار کی اُردو، ہندی اور انگریزی کی تعلیم
- ☆ طالبات کے لیے ابتدائی تا فضیلت مستقل شعبہ
- ☆ فنی وٹیکنیکل تعلیم

## شعبہ جات

| | |
|---|---|
| تعلیم وتربیت | رابطہ عامہ |
| داخلہ وامتحانات | مالیات |
| کتب خانہ | تعمیر وترقی |
| ادارۂ علمیہ | مطبخ |
| تنظیم مکاتب | اسپتال |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**برادرانِ ملت!** موجودہ مادہ پرستانہ دور، اخلاقی قدروں سے عاری ماحول اور غیر اسلامی افکار ونظریات کی یلغار کے مقابلے میں جامعۃ الفلاح نے اپنے سامنے جو اعلیٰ مقاصد رکھے ہیں، وہ یہ ہیں:

۱۔ ایسے افراد کی تیاری:

ا۔ جو قرآن وسنت کا گہرا علم اور دینی بصیرت رکھتے ہوں۔

ب۔ جن کی نظر وقت کے اہم مسائل پر ہو اور جو غیر اسلامی افکار ونظریات سے بخوبی واقف ہوں۔

ج۔ جو اسلامی اخلاق وکردار کے حامل ہوں۔

د۔ جن میں احیائے دین اور اعلائے کلمۃ اللہ کا جذبہ ہو۔

ہ۔ جو گروہی، جماعتی اور فقہی اختلافات سے بالاتر ہو کر وسعتِ قلب ونظر کے ساتھ معاشرے کی اصلاح وتعمیر کا فریضہ انجام دے سکیں۔

۲۔ ایسا نصابِ تعلیم زیرِ عمل لانا جس میں دینی وعصری علوم کا بہترین امتزاج ہو اور جو جامعہ کی اساس سے ہم آہنگ ہو۔

۳۔ اسلام کی خدمت کے لیے دورِ جدید کے تقاضوں کے مطابق فکری، علمی اور تحقیقی مواد فراہم کرنا۔

۴۔ فنی، تکنیکی اور پیشہ ورانہ (Vocational) تعلیم کا اس طرح نظم کرنا کہ جامعہ کا بنیادی مقصد متاثر نہ ہو۔

**حضرات!** یہ مقاصد اپنی اہمیت وافادیت اور ملّی ضرورت کے لحاظ سے انتہائی مہتم بالشان ہیں۔ ان کے حصول کے لیے ہم حتی الامکان پوری جدوجہد کر رہے ہیں۔ تاہم وسائل کی کمی کی وجہ سے جامعہ کے تمام مجوزہ منصوبے زیرِ عمل نہیں آسکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی توفیق شاملِ حال رہی اور آپ کا گراں قدر تعاون حاصل رہا تو اِن شاء اللہ بتدریج پیشِ نظر منصوبے پایۂ تکمیل کو پہنچ جائیں گے۔

جامعہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا یہ بھی فضلِ خاص رہا ہے کہ مختصر مدت میں ہی اسے بڑی شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی، جس کی وجہ سے ہر سال سیکڑوں طلبہ وطالبات جامعہ میں داخلہ لیتے ہیں۔

مسلم بچیوں کی تعلیم وتربیت کی اہمیت بہت واضح ہے۔ جامعہ نے شروع ہی سے اس طرف توجہ دی، چنانچہ طالبات کے لیے الگ شعبہ قائم ہے، جس میں ابتدائی سے فضیلت تک تعلیم کا نظم ہے۔ اس شعبے میں اِس وقت تین ہزار سے زائد بچیاں زیرِ تعلیم ہیں اور ہر سال کثیر تعداد میں طالبات فضیلت کی تکمیل کرتی ہیں۔

فنی تعلیم کی اہمیت محسوس کرتے ہوئے جامعہ نے طلبہ وطالبات کے لیے کمپیوٹر سنٹر قائم کیا ہے، جس میں وہ غیر درسی اوقات میں تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

## نظامِ تعلیم کا اجمالی خاکہ اور شعبہ ہائے جامعہ

جامعہ میں ایک منظّم اور مربوط نظامِ تعلیم مقرر کیا گیا ہے جس کی مدت سولہ سال ہے۔ یہ تین مراحل میں منقسم ہے:

(۱) **مرحلہ ابتدائی**: مدتِ تعلیم سات سال، درجہ نونہال تا درجہ پنجم۔ ان درجات میں ناظرہ، دینیات، اُردو، ہندی، انگریزی، حساب، جنرل سائنس اور جغرافیہ کی تعلیم اس طرح دی جاتی ہے کہ طلبہ کا معیار سرکاری پرائمری اسکول سے بہتر ہوتا ہے۔

(۲) **مرحلہ ثانوی**: مدتِ تعلیم تین سال، درجہ ششم تا درجہ ہشتم۔ ان درجات میں اُردو، ہندی، عربی، انگریزی، فارسی، دینیات، سیرت، تاریخ اور جغرافیہ کے علاوہ سرکاری جونیئر ہائی اسکول کے معیار کی ریاضی اور سائنس کی تعلیم دی جاتی ہے۔

(۳) **مرحلہ اعلیٰ**: مدتِ تعلیم سات سال۔ اس مرحلے کی تین منزلیں ہیں:

الف: **مولوی** (تین سال): ان درجات میں عربی زبان وادب، نحو وصرف، عربی انشاء، فقہ اسلامی، حدیث، تجوید، ترجمۂ قرآن مجید اور عقیدۂ اسلامی کے علاوہ ہائی اسکول کے معیار کی انگریزی، گرامر، سیاسیات، اُردو، ہندی اور کمپیوٹر کی تدریس ہوتی ہے۔ اِن شاء اللہ جلد ہی سائنس اور ریاضی کی تدریس کا بھی آغاز ہوگا، نیز مولوی کی سند کے ساتھ NIOS سے ہائی اسکول کی سند بھی فراہم کرائی جائے گی۔

ب: **عالمیت** (دوسال): ان درجات میں اسلامی علوم سے بہرہ ور کرنے کے ساتھ ساتھ جدید علوم سے بھی ضروری حد تک واقفیت بہم پہنچائی جاتی ہے، چنانچہ تفسیر، اصولِ تفسیر، علوم قرآن، حدیث، اصولِ حدیث، علومِ حدیث، فقہ اسلامی، اصولِ فقہ، فرائض، عربی زبان وادب، عربی انشاء، بلاغت اور تعارفِ ادیان کے ساتھ انٹرمیڈیٹ کے معیار کی انگریزی، اُردو، ہندی، معاشیات اور ایجوکیشن پڑھائی جاتی ہے۔ عالمیت کی سند کی بنیاد پر مختلف یونیورسٹیوں میں بی اے میں داخلہ ملتا ہے اور بیرونِ ملک بھی متعدد یونیورسٹیوں میں یہ سند منظور ہے۔

ج: **فضیلت** (دوسال): اس مرحلے میں اسلامی علوم وعربی زبان وادب میں ماہرانہ دسترس پیدا کرنے اور علومِ جدیدہ سے بقدرِ ضرورت واقفیت بہم پہنچانے کا نظم اس طرح کیا جاتا ہے کہ فارغین ملک وملت کی مختلف ضرورتوں کی تکمیل کرسکیں اور لائق مدرّس، فائق مصنّف، دردمند مبلغ اور مخلص قائد ثابت ہوں۔ چنانچہ اس میں تفسیر، اصولِ تفسیر، علوم قرآن، حدیث، اصولِ حدیث، علومِ حدیث، فقہ مقارن، فقہ النوازل، اصولِ فقہ، قواعدِ فقہیہ، اسرارِ شریعت، ادبِ عربی اور فرق وتحریکات کے ساتھ بی اے کے معیار کی انگریزی اور اُردو کی تدریس ہوتی ہے۔ سندِ فضیلت مختلف یونیورسٹیوں میں بی اے کے مساوی تسلیم کی جاتی ہے۔

نوٹ: طالبات کا شعبہ علاحدہ کیمپس میں واقع ہے، اس شعبے میں بھی یہ نظامِ تعلیم اسی طرح نافذ ہے، البتہ ان کی ضروریات کے پیشِ نظر ہوم سائنس اور سلائی کڑھائی کا اضافہ ہے۔

**شعبۂ حفظ**: مدتِ تعلیم (حفظ ودَور مع مضامین) برائے طلبہ چار سال، برائے طالبات پانچ سال۔ حفظ وتجوید کے ساتھ شعبۂ ثانوی کے درجہ ششم، ہفتم، ہشتم کی انگریزی، ہندی اور اُردو کی تعلیم بھی دی جاتی ہے، تاکہ تکمیلِ حفظ کے بعد طلبہ وطالبات عربی اول (مساوی درجہ نہم) میں داخل ہوسکیں۔ اس شعبے میں داخلے کے لیے درجہ پنجم پاس ہونا ضروری ہے۔

شعبۂ حفظ کے طلبہ کے لیے ہاسٹل میں رہنا ضروری ہے۔ مہتمم تعلیم وتربیت کسی کو اضطراری صورت میں ہی مطلوبہ ہدف پورا کرنے کی شرط کے ساتھ استثناء دے سکتے ہیں۔ طالبات کے لیے ہاسٹل میں لازمی رہائش کی شرط ابھی نہیں ہے، البتہ متعینہ ہدف پورا کرنا ضروری ہے اور حفظ کے لیے متعینہ مدت سے زیادہ شعبۂ حفظ میں رہنے کی اجازت نہیں ہے۔

## جمعية الطلبه وجميعة الطالبات

ہم نصابی سرگرمیوں کو منظّم کرنے، تقریری وتحریری صلاحیتوں کو پروان چڑھانے، علمی صلاحیت میں اضافہ کرنے اور اجتماعی کاموں کو انجام دینے کی مشق بہم پہنچانے کے لیے طلبہ میں جمعیۃ الطلبہ اور طالبات میں جمعیۃ الطالبات سرگرمِ عمل ہے۔ اس کی سرپرستی مہتمم تعلیم وتربیت اور عملی اشراف نگرانِ اعلیٰ کرتے ہیں۔ مطلوبہ مقاصد کے حصول کے لیے حسبِ ذیل وسائل وذرائع استعمال ہوتے ہیں: لائبریری، دارالمطالعہ، ہفتہ وار جلسے، قلمی رسائل، وال میگزین، مختلف النوع مقابلے، تعلیمی مظاہرہ اور سالانہ میگزین۔ اپنی اپنی انجمن کا جملہ انتظام وانصرام طلبہ وطالبات اپنے اساتذہ ومعلّمات کی رہنمائی میں خود ہی کرتے ہیں اور مختلف شعبہ جات کے تحت اپنی مفوضہ ذمہ داریاں ادا کرتے ہیں۔

## مرکزی لائبریری (المكتبة المركزية)

تعلیمی ادارے کے لیے لائبریری کی اہمیت بالکل واضح ہے۔ اس کے بغیر نہ تو علمی فضا پیدا ہوتی ہے اور نہ تشنگانِ علوم کی سیرابی کا سامان بہم ہوتا ہے۔ اسی لیے جامعہ نے شروع سے اس کی طرف توجہ دی اور کتب خانہ قائم کیا۔ پہلے یہ کتب خانہ ایک ہال میں تھا، لیکن اب الحمدللہ ایک معیاری عمارت میں منتقل ہو چکا ہے۔ اس میں اگر چہ معتد بہ تعداد میں عربی کی فنی وعلمی کتابیں اور اہم مصادر، نیز اُردو، ہندی اور انگریزی میں ذخیرہ موجود ہے، تاہم ضروریات کے لحاظ سے ناکافی ہے، اس لیے مسلسل مزید کتابوں کی فراہمی کی کوشش جاری ہے اور سالانہ اضافہ ہو رہا ہے۔

## شعبۂ رابطۂ عامه

ناظمِ جامعہ کی براہِ راست نگرانی میں یہ شعبہ سرگرمِ عمل ہے، جس کے ذریعے جامعہ کے محسنین سے ربط رکھنا اور نشرواشاعت کے امور انجام دینا ہے۔

## شعبۂ داخلہ وامتحانات

جامعہ میں داخلہ ٹسٹ اور امتحانات کے نظم وانصرام اور امتحان وداخلہ سے متعلق دیگر امور کی انجام دہی کے لیے ایک مستقل شعبہ سرگرمِ عمل ہے۔ شعبے کے ذمہ دار (ناظمِ امتحان) محترم مہتمم تعلیم وتربیت کی ہدایات کے مطابق اپنے فرائض انجام دیتے ہیں۔

جامعہ میں دو امتحانات ششماہی اور سالانہ ہوتے ہیں۔ سالانہ امتحان میں شرکت کے لیے شعبۂ اعلیٰ طلبہ میں ۷۵ فیصد، شعبۂ اعلیٰ طالبات میں ۷۰ فیصد، شعبۂ ثانوی وحفظ طلبہ میں ۷۰ فیصد، شعبۂ ثانوی وحفظ طالبات میں ۶۵ فیصد حاضری لازم ہے۔ میڈیکل کی بنیاد پر ۵ فیصد رعایت دی جاسکتی ہے۔

درجہ پنجم تا درجہ ہشتم، نیز عربی چہارم تا عربی ہفتم سمسٹر سسٹم ہے۔ ان کے علاوہ تمام درجات میں سالانہ امتحان پورے سال کے نصاب سے ہوتا ہے۔

کامیاب طلبہ وطالبات کو حسبِ ضابطہ نتائج اور اسناد وغیرہ فراہم کی جاتی ہیں۔

## داخلے سے متعلق ضروری قواعد وضوابط

جامعہ کا تعلیمی سال عموماً ۱۰؍شوال سے شروع ہوکر ۲۴؍شعبان کو ختم ہوتا ہے۔ داخلے ماہِ شوال کی متعینہ تاریخوں میں بذریعۂ ٹسٹ ہوتے ہیں۔ دورانِ سال باقاعدہ داخلہ نہیں ہوتا، البتہ حسبِ گنجائش سماعت کی اجازت دی جاسکتی ہے۔

### ضوابطِ داخلہ

(۱) داخلے سے متعلق جملہ امور کے لیے رابطہ دفترِ اہتمام سے ہونا چاہیے۔

(۲) امیدوارِ داخلہ کو جامعہ کا مطبوعہ داخلہ فارم پُر کرنا ہوگا۔ داخلہ فارم دفترِ اہتمام یا متعلق شعبے سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

(۳) شعبۂ ثانوی، شعبۂ حفظ اور شعبۂ اعلیٰ میں داخلے کے خواہش مند امیدواران کا متعینہ تاریخوں میں داخلہ ٹسٹ ہوتا ہے اور اس میں کامیابی کے بعد ہی داخلہ لیا جاتا ہے۔ داخلہ ٹسٹ کی تاریخوں کا اعلان رمضان سے قبل کردیا جاتا ہے۔ شعبۂ ابتدائی میں داخلہ ماہِ شوال کے آخر تک جاری رہتا ہے۔

(۴) داخلہ ہر شعبے میں دستیاب نشستوں کی بنیاد پر لیا جاتا ہے۔

(۵) دارالاقامہ میں رہائش کے لیے کم ازکم درجہ ششم میں داخلہ ہونا چاہیے۔

(۶) عالمیت اور فضیلت کے سالِ اول ہی میں داخلہ لیا جاتا ہے۔

(۷) درجہ حفظ میں داخلے کے لیے درجہ پنجم (ابتدائی) کے معیار کی صلاحیت ضروری ہے۔

(۸) درجہ نونہال (ابتدائی) میں داخلے کے وقت کم ازکم عمر مکمل چار سال، درجہ اول (ابتدائی) میں چھ سال،

درجہ ششم (ثانوی) میں نو سال، عربی اول (اعلیٰ) میں بارہ سال، عالمیت سالِ اول (عربی چہارم) میں پندرہ سال اور فضیلت سالِ اول (عربی ششم) میں سترہ سال ضروری ہے۔

(۹) سندِ مولوی کے لیے کم از کم عمر مکمل پندرہ سال، سندِ عالمیت کے لیے سترہ سال اور سندِ فضیلت کے لیے اُنیس سال ضروری ہے۔

(۱۰) بوقتِ داخلہ آدھار کارڈ کی فوٹو کاپی/ تاریخِ پیدائش کا تصدیق نامہ اور اصل TC جمع کرنا ضروری ہے۔

(۱۱) کشمیر اور نیپال کے طلبہ وطالبات کے لیے NOC بھی جمع کرنا ضروری ہے۔

(۱۲) درجہ دوم تا عربی اول میں داخلے کے لیے امیدوار کا پین/ PEN(Permanent Education Number) فراہم کرنا بھی ضروری ہے۔ پین نہ ہونے کی صورت میں اس کے حصول کے اخراجات بذمہ طالب علم ہوں گے۔

(۱۳) داخلہ صرف ایک سال کے لیے ہوتا ہے، امتحان سالانہ سے قبل تجدیدِ داخلہ فارم پُر کر کے نئے تعلیمی سال کے لیے تجدیدِ داخلہ کرانا ضروری ہے۔

(۱۴) حسبِ ضابطہ تعلیمی یا خوراکی فیس معاف ہوسکتی ہے، البتہ درجہ اعدادیہ میں تعلیمی اور خوراکی فیس معاف نہیں ہوتی۔

## اخراجات بوقتِ داخلہ ودیگر اخراجات

(۱) **داخلہ فارم**:100 روپئے، **داخلہ فیس**:500 روپئے۔

(۲) **سالانہ مینٹیننس فیس** (بوقتِ داخلہ/تجدید داخلہ جملہ طلبہ وطالبات سے):500 روپئے (نا قابلِ واپسی)۔

(۳) **ماہانہ تعلیمی فیس**: شعبۂ اعلیٰ 450، شعبۂ ثانوی وشعبۂ حفظ 400، شعبۂ ابتدائی 350، درجہ اعدادیہ 450 روپئے۔

(۴) **سالانہ لائبریری فیس** (بورڈر وغیر بورڈر طلبہ وطالبات سے): شعبۂ اعلیٰ 350، شعبۂ ثانوی وشعبۂ حفظ 250، شعبۂ ابتدائی (چہارم وپنجم) 100 روپئے، درجہ اعدادیہ 350 روپئے۔

(۵) **امتحانی فیس**: شعبۂ اعلیٰ 450، شعبۂ ثانوی 400، شعبۂ حفظ 250، شعبۂ ابتدائی (چہارم وپنجم) 250، (نونہال تا سوم) 100، درجہ اعدادیہ 450 روپئے۔

(۶) بورڈر طلبہ وطالبات سے بوقتِ داخلہ **زرِ ضمانت مطبخ** 2000 روپئے اور **پیشگی فیس خوراک** 1500 روپئے۔

(۷) بورڈر طلبہ وطالبات سے سالانہ **بجلی بورڈنگ فیس** 3000 روپئے۔ یہ فیس ایک ساتھ جمع ہوگی اور ناقابلِ واپسی ہوگی۔

(۸) بورڈر طالبات سے سالانہ **فرنیچر فیس**:300 روپئے (ناقابلِ واپسی)۔

☆**بوقتِ داخلہ مجموعی اخراجات**: ● بورڈر طلبہ وطالبات: تقریباً 8700 روپئے ● غیر بورڈر طلبہ وطالبات: تقریباً 1900 روپئے

☆ فیس خوراک کا تعین ماہانہ خرچ کے حساب سے ہوتا ہے۔ ماہانہ فیس خوراک اوسطاً 1800 روپئے ہوتی ہے۔

## اسناد کی فیس

مولوی:300 روپئے عالمیت:500 روپئے فضیلت:500 روپئے

ٹی سی (TC) وغیرہ:100 روپئے ایمرجنسی فیس اسناد:200 روپئے (وقت: دودن)

نوٹ: مذکورہ بالا تمام فیسوں کی شرح میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے۔

## دار الاقامہ

بیرونی طلبہ وطالبات کے لیے جامعہ میں علاحدہ علاحدہ دارالاقامہ کا نظم ہے۔ تمام بیرونی طلبہ وطالبات کے لیے دارالاقامہ میں رہنا لازمی ہے۔ دارالاقامہ میں داخلہ درجہ ششم سے ہوتا ہے۔ مقیم طلبہ/ طالبات کی نگرانی کے لیے متعدد اتالیق/ اتالیقات مقرر ہیں۔ دارالاقامہ کے قواعد وضوابط کی پابندی سب کے لیے لازم ہے۔

مقیم طلبہ/ طالبات کے پاس ہر موسم کے لحاظ سے مناسب بستر، کم از کم چار جوڑے شائستہ کپڑے، ناشتہ دان (ٹفن) اور دیگر ضروری سامان ہونا چاہیے۔ مقیم طلبہ وطالبات کے لیے ۲۴ گھنٹے کا نظام الاوقات اس طرح مرتب کیا گیا ہے کہ تعلیمی وتربیتی لحاظ سے بہتر نتائج حاصل ہوں۔

شعبۂ اعلیٰ کے قرب وجوار کے طلبہ سے درخواست ہے کہ وہ بھی دارالاقامہ میں رہیں، تاکہ ان کی تعلیم وتربیت اچھے طریقے سے ہوسکے۔ سرپرستوں سے گزارش ہے کہ اپنے بچوں کو ضرورت سے زیادہ رقم دے کر ان کے بگڑنے کا سبب نہ بنیں۔ بچوں کے لیے شائستہ اور شریفانہ لباس بنوائیں اور اسمارٹ فون دے کر دارالاقامہ نہ بھیجیں۔

طلبہ وطالبات کی درس میں غیر حاضری نقصان دہ ہے، اس لیے بلا وجہ ہر چھوٹی بڑی تقریب میں انھیں گھر نہ بلائیں، بلکہ انھیں یکسوئی کے ساتھ پڑھنے کا موقع دیں۔ جامعہ کی تعطیلات حسبِ ذیل ہیں، انھیں ملحوظ رکھیں:

(۱) تعطیلِ کلاں: ۲۵ر شعبان تا ۹ر شوال (۲) تعطیلِ عیدالاضحیٰ: ۹ تا ۱۳ر ذی الحجہ (۳) میلادالنبی: ۱۲ر ربیع الاول

(۴) یومِ آزادی: ۱۵ر اگست (۵) یومِ جمہوریہ: ۲۶ر جنوری (۶) تعطیلِ ششماہی: ۲۰ دن

تعطیلات میں جب بچے گھر جائیں تو وہاں بھی انھیں اسلامی اخلاقیات اور خصوصاً نماز کی پابندی کروائیں۔

اگر کوئی طالب علم دارالاقامہ سے بلا اجازت چلا جائے تو اس کی اطلاع سرپرست کو دے دی جائے گی۔ اس کے علاوہ جامعہ پر کوئی ذمہ داری عائد نہیں ہوگی۔

## مطبخ

مقیم طلبہ وطالبات کے کھانے کے نظم کے لیے جامعہ میں مطبخ کا شعبہ ہے۔ کھانے میں عموماً دال، چاول، روٹی، سبزی اور گوشت ہوتا ہے۔ صبح کو ہلکے پھلکے ناشتے کا بھی نظم ہوتا ہے۔

کھانے کی فیس متعین نہیں ہے، بلکہ ماہانہ خرچ کے حساب سے فیس کا تعین ہوتا ہے۔ ماہ بہ ماہ فیس خوراک کی ادائیگی ضروری ہے۔ بقایاجات کی وجہ سے نظم میں دشواری ہوتی ہے۔

## تعلیمی فیس معافی

ایسے طلبہ وطالبات جن کے سرپرستوں کی مالی حالت کمزور ہے اور وہ ماہانہ تعلیمی فیس ادا نہیں کرسکتے، ان کی تعلیمی فیس حسبِ گنجائش نصف یا مکمل معاف کی جاتی ہے، لیکن تعلیمی سال کے پہلے ماہ کی تعلیمی فیس ادا کرنی ہوتی ہے۔

نوٹ: (۱) لائبریری فیس اور امتحانی فیس معاف نہیں کی جاتی۔

(۲) درجہ اعدادیہ میں تعلیمی فیس معاف نہیں کی جاتی۔

## وظیفہ مطبخ

ایسے طلبہ وطالبات جن کے سرپرستوں کی مالی حالت کمزور ہو اور وہ ماہانہ فیس خوراک ادا نہیں کرسکتے، ان کو زکاۃ کی مد سے حسبِ گنجائش نصف یا مکمل وظیفہ دیا جاتا ہے، جس کے ضوابط درج ذیل ہیں:

(۱) وظائف شعبۂ اعلیٰ اور شعبۂ حفظ کے لیے خاص ہیں۔

(۲) وظیفے کی درخواست کے لیے جامعہ کا مطبوعہ وظیفہ فارم پُر کرنا ہوگا جو دفترِ اہتمام سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

(۳) وظیفہ فارم پر دو معزز، معروف اور قریبی شخصیتوں کی طرف سے امیدوارِ وظیفہ کے اچھے اخلاق و کردار اور سرپرست کی مالی حالت کی تصدیق ضروری ہے۔

(۴) وظیفہ فارم کے ساتھ سابقہ مارکس شیٹ/نتیجہ کارڈ کی فوٹو کاپی منسلک کرنا ضروری ہے۔

(۵) وظیفہ کی درخواست بعد داخلہ/تجدیدِ داخلہ ماہِ شوال تک ہی وصول کی جاتی ہے۔

(۶) وظیفہ صرف ایک تعلیمی سال کے لیے منظور کیا جاتا ہے۔ حسبِ ضرورت ہر سال تجدیدِ وظیفہ کی درخواست (مطبوعہ وظیفہ فارم پر) دینی ہوگی۔

(۷) وظیفہ قابلِ اطمینان اخلاقی رپورٹ کی روشنی میں حسبِ گنجائش فرسٹ ڈویژن پر نصف یا مکمل اور سیکنڈ ڈویژن پر صرف نصف منظور کیا جاتا ہے۔

(۸) جامعہ کے قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں وظیفہ منسوخ بھی کیا جاسکتا ہے۔

نوٹ: (۱) وظیفہ/تجدیدِ وظیفہ کا تعلق صرف فیس خوراک سے ہے۔ سالانہ مینٹیننس فیس، زرِ ضمانت مطبخ، پیشگی فیس خوراک، سالانہ بجلی بورڈنگ فیس اور سالانہ فرنیچر فیس وغیرہ داخلہ/تجدیدِ داخلہ کے وقت تمام بورڈر طلبہ وطالبات کو جمع کرنی ہوگی۔

(۲) درجہ اعدادیہ میں وظیفہ نہیں ملتا۔

# شعبۂ ابتدائی

## درجہ نونہال

| مضامین | کتابیں | ہفتہ وار گھنٹیاں |
|---|---|---|
| ناظرہ | قاعدہ بغدادی (صحیح مخارج کے ساتھ) (نصف اول) | ١٢ |
| اُردو | منی کتاب (مکمل)<br>رائٹنگ بک: اُردو لکھائی A (مطبوعہ القلم) | ١٢ |
| دینیات | پہلا اور دوسرا کلمہ، منتخب مختصر دعائیں<br>رہنما کتاب برائے استاذ: القلم اسلامیات (منتخبات) Part P | ٦ |
| انگلش | A to Z (بڑے حروف، زبانی و تحریری) My ABC (مطبوعہ القلم) (نصف)<br>رائٹنگ بک: English Writing A (مطبوعہ القلم) | ٦ |
| ریاضی | ا سے ٣٠ تک گنتی (زبانی و تحریری) | ٦ |
| کھیل اور آرٹ | کھیل کود، ڈرائنگ: Drawing Book A (مطبوعہ القلم) | ٦ |
| | **درجہ اطفال** | |
| ناظرہ | قاعدہ بغدادی (صحیح مخارج کے ساتھ) (مکمل) | ١٢ |
| اُردو | منی کتاب (مکمل)<br>رائٹنگ بک: اُردو لکھائی A (مطبوعہ القلم) | ١٢ |
| دینیات | پہلا اور دوسرا کلمہ، منتخب مختصر دعائیں: رہنما کتابیں برائے استاذ: القلم اسلامیات (منتخبات) Part P، اسلامیات نرسری | ٦ |
| انگلش | A to Z (بڑے حروف، زبانی و تحریری) My ABC (مطبوعہ القلم) (نصف)<br>رائٹنگ بک: English Writing A (مطبوعہ القلم) | ٦ |
| ریاضی | ا سے ٥٠ تک گنتی (زبانی و تحریری) | ٦ |
| کھیل اور آرٹ | کھیل کود، ڈرائنگ: Drawing Book B (مطبوعہ القلم) | ٦ |
| | **درجہ اول** | |
| ناظرہ مع تجوید | تیسیر القرآن (مکمل) (مخارج پر خصوصی توجہ کے ساتھ) (اساتذہ نورانی قاعدہ مطالعے میں رکھیں) | ٩ |

| | | |
|---|---|---|
| ۹ | ہماری کتاب (اول)، معاون کتاب: تربیتی کہانیاں (اول)<br>رائٹنگ بک: اُردو لکھائی B (مطبوعہ القلم) | اُردو |
| ۶ | ایمانیات (توحید، رسالت اور آخرت کا سادہ تعارف)، نماز کی عملی مشق، طہارت وصفائی، کھانے پینے کے آداب وغیرہ<br>رہنما کتاب برائے استاذ: اسلامیات جونیر کے.جی | دینیات |
| ۶ | My ABC (مطبوعہ القلم) (مکمل)<br>رائٹنگ بک: English Writing B (مطبوعہ القلم) | انگلش |
| ۶ | हमारी पोथी (भाग–1) (حروف شناسی)<br>رائٹنگ بک: ہندی لکھائی A (مطبوعہ القلم) | ہندی |
| ۹ | ۵۱ سے ۱۰۰ تک گنتی، نیز جدید آسان ریاضی (اول) | ریاضی |
| ۳ | کھیل کود، ڈرائنگ: Drawing Book C (مطبوعہ القلم) | کھیل اور آرٹ |
| | **درجہ دوم** | |
| ۱۱ | پارہ عم مع حفظ سورۃ الکوثر تا سورۃ الناس، سہل قرآنی قاعدہ | ناظرہ مع تجوید |
| ۹ | ہماری کتاب (دوم)، معاون کتب: تربیتی کہانیاں (دوم)، پیاری نظمیں (اول)<br>رائٹنگ بک: اُردو لکھائی 1، 2 (مطبوعہ القلم) | اُردو |
| ۶ | اسلامیات سینئر کے.جی (وضو وغسل کا طریقہ، طریقۂ نماز، زندگی کے آداب مثلاً والدین کے حقوق، پڑوسیوں کے حقوق، پیارے رسول ؐ) | دینیات |
| ۶ | English Reader A (مطبوعہ القلم) (نصف)<br>رائٹنگ بک: English Writing 1 (مطبوعہ القلم) | انگلش |
| ۶ | हमारी पोथी (भाग–2) (ابتدائی دس اسباق)<br>رائٹنگ بک: ہندی لکھائی B (مطبوعہ القلم) | ہندی |
| ۶ | جدید آسان ریاضی (دوم) | ریاضی |
| ۳ | ہم اور ہمارا ماحول (اول) | جنرل سائنس |
| ۱ | کھیل کود، ڈرائنگ: Drawing Book 1 (مطبوعہ القلم) | کھیل اور آرٹ |

| | | |
|---|---|---|
| | **درجہ سوم** | |
| ۸ | ابتدائی پانچ پارے، مع حفظ سورۃ القارعۃ تا سورۃ الماعون | ناظرہ مع تجوید |
| ۱۲ | ہماری کتاب (سوم)، پیاری نظمیں (دوم)، اخلاقی کہانیاں (اول)<br>رائٹنگ بک: اُردو لکھائی 3 (مطبوعہ القلم) | اُردو |
| ۴ | سچا دین (اول)، برائے مطالعہ: ہادیٔ اعظم (اول) | دینیات |
| ۶ | English Reader A (مطبوعہ القلم) (مکمل)<br>رائٹنگ بک: English Writing 2 (مطبوعہ القلم) | انگلش |
| ۶ | (हमारी पोथी (भाग–2) (سبق ۱۱ تا ختم کتاب)<br>رائٹنگ بک: ہندی لکھائی 1، 2 (مطبوعہ القلم) | ہندی |
| ۸ | جدید آسان ریاضی (سوم) | ریاضی |
| ۲ | ہم اور ہمارا ماحول (دوم) | جنرل سائنس |
| ۲ | جغرافیہ ضلع اعظم گڑھ: زریاب احمد فلاحی | جغرافیہ |
| | **درجہ چہارم** | |
| ۱۲ | دس پارے (۶ تا ۱۵) مع حفظ سورۃ التین تا سورۃ العادیات | ناظرہ مع تجوید |
| ۸ | ہماری کتاب (چہارم)، اخلاقی کہانیاں (دوم)، ہمارے نغمے (اول) | اُردو |
| ۴ | سچا دین (دوم)، ہادیٔ اعظم (دوم) | دینیات |
| ۶ | English Reader B (مطبوعہ القلم) | انگلش |
| ۶ | (हमारी पोथी (भाग–3)<br>رائٹنگ بک: ہندی لکھائی 3 (مطبوعہ القلم) | ہندی |
| ۸ | جدید آسان ریاضی (چہارم) | ریاضی |
| ۲ | ہم اور ہمارا ماحول (سوم) | جنرل سائنس |
| ۲ | ہمارا صوبہ اتر پردیش: کتب: جدید جغرافیہ اتر پردیش: زبیر احمد، ہماری دنیا (اول) | جغرافیہ |

| | | |
|---|---|---|
| | **درجہ پنجم** | |
| ناظرہ | آخری پندرہ پارے مع حفظ سورۃ الفجر تا سورۃ الشرح | ۱۲ |
| اُردو | ہماری کتاب (پنجم)، اخلاقی کہانیاں (سوم)، ہمارے نغمے (دوم) | ۸ |
| دینیات وسیرت | سچا دین (سوم)، ہمارے بزرگ (اول) | ۴ |
| انگلش | English Reader 1 (مطبوعہ القلم) | ۶ |
| ہندی | हमारी पोथी (भाग–4) | ۶ |
| ریاضی | جدید آسان ریاضی (پنجم) [منتخبات] | ۸ |
| جنرل سائنس وجغرافیہ | ہم اور ہمارا ماحول (چہارم) | ۴ |

## شعبۂ ثانوی

| | | |
|---|---|---|
| | **درجہ ششم** | |
| اُردو | ہماری کتاب (ششم)، اخلاقی کہانیاں (چہارم) | ۹ |
| دینیات | سچا دین (چہارم)، مع حفظ سورۃ البروج تا سورۃ الغاشیۃ، ہمارے بزرگ (دوم) | ۶ |
| عربی | **دروس اللغة العربية للأطفال (الجزء الأول)** (نصف اول) | ۳ |
| ہندی | हमारी पोथी (भाग–5) | ۳ |
| انگلش<br>گرامر | Rainbow-6 (یوپی بورڈ درجہ ششم کی کتاب)<br>General English for Junior | ۶ |
| سائنس | NCERT درجہ ششم کی کتاب (بہ زبانِ ہندی) | ۶ |
| ریاضی | NCERT درجہ ششم کی کتاب (بہ زبانِ ہندی) | ۹ |
| سماجی علوم | تاریخ: آئینہ تاریخ (اول)<br>جغرافیہ: ہماری دنیا (سوم) | ۳<br>۳ |
| | **درجہ ہفتم** | |
| اُردو | ہماری کتاب (ہفتم) | ۶ |
| دینیات | رسالہ دینیات (نصف اول) مع حفظ سورۃ الانفطار تا سورۃ الانشقاق | ۳ |

| | | |
|---|---|---|
| سیرت | رحمتِ عالم: مولانا سید سلیمان ندویؒ | ۳ |
| عربی | **دروس اللغة العربية للأطفال (الجزء الأول)** (نصف آخر) | ۳ |
| فارسی | فارسی کی پہلی کتاب مع آمدنامہ | ۳ |
| ہندی | **हमारी पोथी (भाग–6)** | ۳ |
| انگلش<br>گرامر | Rainbow-7 (یوپی بورڈ درجہ ہفتم کی کتاب)<br>General English for Junior | ٦ |
| سائنس | NCERT درجہ ہفتم کی کتاب (بہ زبانِ ہندی) | ٦ |
| ریاضی | NCERT درجہ ہفتم کی کتاب (بہ زبانِ ہندی) | ۹ |
| سماجی علوم | تاریخ: آئینۂ تاریخ (دوم)<br>جغرافیہ: جغرافیہ عالم: ڈاکٹر نفیس عالم صدیقی | ۳<br>۳ |
| | **درجہ ہشتم** | |
| اُردو | ہمارا ادب: ڈاکٹر اختر الزماں انصاری | ۹ |
| دینیات | رسالہ دینیات (نصف آخر) مع حفظ سورۃ النبا تا سورۃ التکویر | ۳ |
| سیرتِ صحابہ | خلافتِ راشدہ: کمال الدین فلاحی | ۳ |
| عربی | **دروس اللغة العربية للأطفال (الجزء الثاني)** | ۳ |
| فارسی | فارسی کی دوسری کتاب مع کریما | ۳ |
| ہندی | **हिन्दी साहित्य सुमन ، हिन्दी साहित्य प्रभा** | ۳ |
| انگلش<br>گرامر | Rainbow-8 (یوپی بورڈ درجہ ہشتم کی کتاب)<br>General English for Junior | ٦ |
| سائنس | NCERT درجہ ہشتم کی کتاب (بہ زبانِ ہندی) | ٦ |
| ریاضی | NCERT درجہ ہشتم کی کتاب (بہ زبانِ ہندی) | ۹ |
| سماجی علوم | جغرافیہ: بین الاقوامی اسلامی جغرافیہ: محمد الیاس ندوی بھٹکلی [منتخبات] | ۳ |

# شعبۂ اعلیٰ

## عربی اول (مولوی سالِ اوّل)

| فن | متعین کتاب | ہفتہ وار گھنٹیاں |
|---|---|---|
| حفظ وتجوید | سورۃ الفجر تا سورۃ الناس (حفظ کے ساتھ ساتھ مخارج کی ادائیگی اور صحیح تلفظ کے ساتھ تلاوت کی اصلاح پر توجہ دی جائے) | ۳ |
| نحو | اسباق النحو: حمید الدین فراہی (حصہ اول مکمل)<br>مع تحفۃ الاعراب: حمید الدین فراہی | ۶ |
| صرف | تیسیر الصرف: جمیل احمد فلاحی (حصہ اول)<br>معاون کتاب: اسباق النحو: حمید الدین فراہی (حصہ دوم) | ۱۲ |
| عربی زبان وادب | مبادئ القراءة الرشيدة | ۹ |
| انشاء | - معلم الانشاء: عبد الماجد ندوی (حصہ اول/ نصف اول) مع درخواست نویسی<br>- دروس اللغة العربية: د. ف عبد الرحيم (حصہ اول/منتخبات) زبانی بول چال کی مشق کے لیے | ۵<br>۱ |
| انگریزی | NCERT کی نویں جماعت کی کتاب (نصف اول) | ۴ |
| گرامر | یوپی بورڈ کی نویں جماعت کی کتاب (نصف اول) | ۵ |
| اُردو | نوائے اُردو (NCERT کی نویں جماعت کی کتاب) (نصف اول) [منتخبات] | ۲ |
| ہندی | हिन्दी साहित्य सुमन ،हिन्दी साहित्य प्रभा (भाग–1) | ۱ |
| سائنس | NIOS کی درجہ نہم کی کتاب (ہندی) [نصف اول] | ۳ (اختیاری) |
| ریاضی | NIOS کی درجہ نہم کی کتاب (ہندی) [نصف اول] | ۳ (اختیاری) |

## عربی دوم (مولوی سالِ دوم)

| فن | متعین کتاب | ہفتہ وار گھنٹیاں |
|---|---|---|
| حفظ وتجوید | سورۃ النبا تا سورۃ الغاشیۃ (حفظ کے ساتھ ساتھ مخارج کی ادائیگی اور صحیح تلفظ کے ساتھ تلاوت کی اصلاح پر توجہ دی جائے) | ۲ |

| | | |
|---|---|---|
| نحو | النحو الواضح في قواعد اللغة العربية للمرحلة الابتدائية (مطبوعہ ادارۂ علمیہ) | ۶ |
| صرف | تیسیر الصرف: جمیل احمد فلاحی (حصہ دوم)<br>معاون کتاب: اسباق النحو: حمید الدین فراہی (حصہ دوم) | ۶ |
| عربی زبان وادب | (۱) القراءة الرشيدة (مطبوعہ ادارۂ علمیہ)<br>(۲) السمير المهذّب (مطبوعہ ادارۂ علمیہ) | ۵<br>۴ |
| انشاء | - معلم الانشاء: عبدالماجد ندوی (حصہ اول/ نصف آخر) مع خطوط نویسی<br>- دروس اللغة العربية: د. ف عبد الرحيم (حصہ دوم/منتخبات) زبانی بول چال کی مشق کے لیے | ۵<br>۱ |
| فقہ اسلامی | مختصر القدوري (از ابتدا تا کتاب الحج)<br>☆ فقہ کی تدریس کے آغاز سے قبل ان موضوعات پر بذریعۂ لیکچرس روشنی ڈال دی جائے: فقہ کی لغوی واصطلاحی تعریف، قرآن وحدیث کی روشنی میں فقہ کی فضیلت، فقہ کی ابتدائی تاریخ، فقہ کے بنیادی مصادر کا تعارف<br>معاون کتاب: مختصر تاریخ فقہ اسلامی (مطبوعہ ادارۂ علمیہ) | ۶ |
| انگریزی | NCERT کی نویں جماعت کی کتاب (نصف آخر) | ۴ |
| گرامر | یوپی بورڈ کی نویں جماعت کی کتاب (نصف آخر) | ۴ |
| اُردو | نوائے اُردو(NCERT کی نویں جماعت کی کتاب)(نصف آخر)[منتخبات] | ۱ |
| ہندی | हिन्दी साहित्य सुमन ، हिन्दी साहित्य प्रभा (भाग–2) | ۱ |
| سیاسیات | مبادئ سیاسیات: محمد ہاشم قدوائی | ۱ |
| کمپیوٹر (برائے طلبہ) | NIELIT کا کورس CCC (منتخبات) | ۲ |
| سائنس | NIOS کی درجہ نہم کی کتاب (ہندی)[نصف آخر] | ۳ (اختیاری) |
| ریاضی | NIOS کی درجہ نہم کی کتاب (ہندی)[نصف آخر] | ۳ (اختیاری) |

نوٹ: کمپیوٹر کی تعلیم فی الحال شعبۂ طلبہ میں شروع کی جارہی ہے۔ شعبۂ طالبات میں اِن شاءاللہ وسائل کی فراہمی کے بعد شروع کی جائے گی۔ تب تک شعبۂ طالبات میں القراءة الرشيدة کی ۶ گھنٹی اور گرامر کی ۵ گھنٹی رہے گی۔

## عربی سوم (مولوی سالِ سوم)

| فن | متعین کتاب | ہفتہ وار گھنٹیاں |
|---|---|---|
| تفسیرِ قرآنِ مجید | سورۃ الحدید تا سورۃ الناس<br>☆ قرآنِ مجید کی تدریس کے آغاز سے قبل عظمتِ قرآن، مطالعۂ قرآن کی اہمیت وافادیت، فہم وتدبُّرِ قرآن کے آداب ومناہج جیسے موضوعات پر لیکچرس کا اہتمام کیا جائے۔ اس کے بعد براہِ راست متنِ قرآن کی تعلیم دی جائے۔ پیشگی درسی مطالعے کی طرف رغبت دلائی جائے۔ تدریس کے دوران اصل توجہ قرآنِ مجید کی روح اور اصل تعلیمات پر رہے۔ فنی مباحث سے گریز کیا جائے۔ | ۶ |
| حفظِ قرآن | الصف، الجمعة، المنافقون، المزمل، المدثر، القيامة، الدهر | |
| حدیث | بلوغ المرام: ابن حجر العسقلاني (النصف الأول) مع حفظ خمسين حديثًا<br>☆ حدیث کی تدریس کے آغاز سے قبل ان موضوعات پر بذریعۂ لیکچرس روشنی ڈال دی جائے: حدیث کی لغوی واصطلاحی تعریف، اسلامی قانون سازی میں حدیث کا مقام ومرتبہ، کبارِ محدثین کا تعارف: بخاری، مسلم، ابوداود، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ | ۶ |
| فقہ اسلامی | مختصر القدوري (من كتاب النكاح إلى كتاب الإكراه) (مع حذف كتاب العتاق والتدبير والاستيلاد والمكاتب والولاء)<br>☆ ائمۂ اربعہ کا مختصر تعارف، نیز ان کے مشہور شاگرد<br>معاون کتاب: مختصر تاریخ فقہ اسلامی (مطبوعہ ادارۂ علمیہ) | ۶ |
| نحو | قواعد اللغة العربية لتلاميذ المدارس الثانوية (الكلام على الاسم والكلام على الحرف)<br>استاذ کے لیے معاون کتاب: النحو الواضح في قواعد اللغة العربية للمرحلة الثانوية | ۵ |
| ادبِ عربی | (۱) كليلة ودمنة (منتخب ابواب)<br>(۲) ديوان الحماسة (باب الأدب كاملا) مع حفظ خمسين بيتًا | ۶<br>۳ |

| | | |
|---|---|---|
| انشاء | معلم الانشاء: عبدالماجد ندوی (حصہ دوم/نصف اول) مع مضمون نویسی | ۳ |
| انگریزی | NCERT کی دسویں جماعت کی کتاب | ۶ |
| گرامر | یوپی بورڈ کی دسویں جماعت کی کتاب | ۳ |
| اُردو | نوائے اُردو (NCERT کی دسویں جماعت کی کتاب) [منتخبات] | ۱ |
| ہندی | हिन्दी साहित्य सुमन ،हिन्दी साहित्य प्रभा (भाग–3) | ۱ |
| سیاسیات<br>اُمورِخانہ داری | جمہوریۂ ہند کا دستورِ اساسی: محمد ہاشم قدوائی (برائے طلبہ)<br>علم اُمورِ خانہ داری: مسرت زمانی (برائے طالبات) | ۱ |
| کمپیوٹر (برائے طلبہ) | NIELIT کا کورس CCC (منتخبات) | ۱ |
| سائنس | NIOS کی درجہ دہم کی کتاب (ہندی) [نصف اول] | ۳ (اختیاری) |
| ریاضی | NIOS کی درجہ دہم کی کتاب (ہندی) [نصف اول] | ۳ (اختیاری) |

نوٹ: کمپیوٹر کی تعلیم فی الحال شعبۂ طلبہ میں شروع کی جارہی ہے۔ شعبۂ طالبات میں اِن شاء اللہ وسائل کی فراہمی کے بعد شروع کی جائے گی۔ تب تک شعبۂ طالبات میں امورِخانہ داری کی ۲ گھنٹی رہے گی۔

## عربی چہارم (عالمیت سالِ اوّل)

| فن | متعین کتاب | ہفتہ وار گھنٹیاں |
|---|---|---|
| تفسیرِ قرآنِ مجید | سورۃ سبأ تا سورۃ الواقعۃ | ۸ |
| علومِ قرآن | مباحث في علوم القرآن: منّاع القطان [مختارات] | ۱ |
| حفظِ قرآن | سورة الحجرات، سورة ق، سورة الرحمٰن، سورة الواقعة | |
| حدیث | تجريد الموطأ للإمام مالک (من بداية الكتاب إلى نهاية كتاب الحج) مع حفظ خمسين حديثًا<br>☆علومِ حدیث: حجیتِ حدیث اوراس کے تئیں شبہات کا ازالہ (بذریعۂ لیکچرس)<br>معاون کتاب: دراسات في الحديث النبوي: محمد مصطفى الأعظمي | ۹ |
| اصولِ حدیث | تيسير مصطلح الحديث: محمود الطحان (ازابتدا تا ختم بابِ اول) | ۳ |
| عقیدۂ اسلامی | العقيدة الطحاوية: الإمام الطحاوي<br>استاد کے لیے معاون کتاب: شرح العقيدة الطحاوية الميسّر: محمد بن عبد الرحمٰن الخميس | ۱ |

| | | |
|---|---|---|
| فقہ اسلامی | الهداية للمرغيناني (منتخبات)<br>☆ چاروں فقہ کے اصولِ استنباط اور بنیادی مصادر کا تعارف<br>معاون کتاب: مختصر تاریخ فقہ اسلامی (مطبوعہ ادارۂ علمیہ) | ۶ |
| ادبِ عربی | (۱) نصوص إسلامية: د. ف عبد الرحيم [مختارات]<br>(۲) ديوان الحماسة [مختارات من باب المراثي وباب الحماسة]<br>مع حفظ مائة بيت | ۳<br>۳ |
| انشاء | معلم الانشاء: عبدالماجد ندوی (حصہ دوم/نصف آخر) | ۳ |
| انگریزی | NCERT کی گیارہویں جماعت کی کتاب | ۶ |
| اُردو | گلستانِ ادب (NCERT کی گیارہویں جماعت کی کتاب) [منتخبات] | ۱ |
| ہندی | हिन्दी साहित्य सुमन ، हिन्दी साहित्य प्रभा (भाग–4) | ۱ |
| معاشیات<br>اُمورِ خانہ داری | علم معاشیات: سراج الدین فلاحی (نصف اول) [برائے طلبہ]<br>رہبرِ صحت: مسرت زمانی [برائے طالبات] | ۲ |
| کمپیوٹر (برائے طلبہ) | NIELIT کا کورس CCC (منتخبات) | ۱ |
| سائنس | NIOS کی درجہ دہم کی کتاب (ہندی) [نصف آخر] | ۳ (اختیاری) |
| ریاضی | NIOS کی درجہ دہم کی کتاب (ہندی) [نصف آخر] | ۳ (اختیاری) |

نوٹ: ۱۔ کمپیوٹر کی تعلیم فی الحال شعبۂ طلبہ میں شروع کی جارہی ہے۔ شعبۂ طالبات میں اِن شاء اللہ وسائل کی فراہمی کے بعد شروع کی جائے گی۔ تب تک شعبۂ طالبات میں عقیدہ کی ۲ گھنٹی رہے گی۔

۲۔ طالب علم عربی/ اُردو/ انگریزی زبان میں استاد کی رہنمائی میں علوم القرآن اور علوم الحدیث پر بیس بیس صفحات پر مشتمل ایک ایک مقالہ تحریر کرے گا۔ یہ مقالے بیس بیس نمبر کے ہوں گے۔ عناوین کی تعیین اور اشراف متعلق اساتذہ کریں گے۔

## عربی پنجم (عالمیت سالِ دوم)

| فن | متعین کتاب | ہفتہ وار گھنٹیاں |
|---|---|---|
| تفسیرِ قرآنِ مجید | سورۃ مریم تا سورۃ الاحزاب | ۸ |
| علومِ قرآن | مباحث في علوم القرآن: منّاع القطان [مختارات] | ۱ |
| حفظِ قرآن | سورة الفرقان وسورة السجدة | |

| | | |
|---|---|---|
| حدیث | تجريد الموطأ للإمام مالك (من كتاب الجهاد إلى نهاية الكتاب) مع حفظ خمسين حديثًا<br>☆علومِ حدیث: تدوینِ حدیث اوراس کے مراحل (بذریعۂ لیکچرس)<br>معاون کتابیں: (۱) تاريخ تدوين السنة وشبهات المستشرقين: د. حاكم عبيسان المطيري (۲) دراسات في الحديث النبوي: محمد مصطفى الأعظمي | ۹ |
| فقہ مقارن | بداية المجتهد: ابن رشد (الجزء الأول) [مختارات من كتاب الصلاة وكتاب الزكاة]<br>☆فقہ کے ادوار کا تعارف: معاون کتاب: مختصر تاریخ فقہ اسلامی (مطبوعہ ادارۂ علمیہ) | ۶ |
| اصولِ فقہ | الجامع لمسائل أصول الفقه وتطبيقها على المذهب الراجح: د. عبد الكريم النملة [مختارات] | ۳ |
| علمِ فرائض | السراجي في الميراث (منتخبات) | ۳ |
| ادبِ عربی (عہدِ اسلامی وعہدِ اموی) | (۱) جمهرة خطب العرب (عصر صدر الإسلام والعصر الأموي) [مختارات]<br>(۲) المنتقىٰ من الأدب العربي: العصر الإسلامي والعصر الأموي [مختارات]<br>☆ششماہی اول میں تدریس کے آغاز سے قبل چھ محاضرات میں عہدِ اسلامی کی ادبی تاریخ اور ششماہی دوم میں تدریس کے آغاز سے قبل چھ محاضرات میں عہدِ اموی کی ادبی تاریخ بیان کردی جائے۔ مرجع: تاريخ الأدب العربي: أحمد حسن الزيّات | ۲<br>۳ |
| بلاغت | البلاغة الواضحة: علي الجارم ومصطفىٰ أمين (كاملا، مع حذف نموذج وتمرينات) | ۴ |
| انگریزی | NCERT کی بارہویں جماعت کی کتاب | ۵ |
| اُردو | گلستانِ ادب (NCERT کی بارہویں جماعت کی کتاب) [منتخبات] | ۱ |
| ہندی | हिन्दी साहित्य सुमन ،हिन्दी साहित्य प्रभा (भाग–5) | ۱ |

| | | |
|---|---|---|
| معاشیات<br>اُمورِخانہ داری | علم معاشیات: سراج الدین فلاحی (نصف آخر) [برائے طلبہ]<br>بچوں کی تربیت: مسرت زمانی [برائے طالبات] | ۲ |

نوٹ: سندِعالمیت کے حصول کے لیےکم ازکم پچاس صفحات پر مشتمل ایک مقالہ بزبان عربی/اُردو/انگریزی پیش کرنا ہوگا۔

## عربی ششم (فضیلت سالِ اوّل)

| فن | متعین کتاب | ہفتہ وار گھنٹیاں |
|---|---|---|
| تفسیرِقرآنِ مجید | سورۃ الاعراف تا سورۃ الکہف:<br>ششماہی اول: سورۃ الاعراف تا سورۃ التوبۃ تحقیقاً، سورۃ یونس سرداً<br>ششماہی دوم: سورۃ ہود تا سورۃ الحجر سرداً، سورۃ النحل تا سورۃ الکہف تحقیقاً | ۹ |
| علومِ قرآن | مباحث في علوم القرآن: منّاع القطان [مختارات]<br>[مع بعض المباحث المختارة من الإتقان في علوم القرآن للسيوطي ورسائل الإمام الفراهي]<br>برائے مطالعہ: تفسیر قرآن کے اصول: حمید الدین فراہی، ترتیب وترجمہ: خالد مسعود (نصف اول) | ۱ |
| حفظِ قرآن | سورة الكهف | |
| حدیث | (۱) سنن أبي داود (كتاب القضاء، كتاب الفتن والملاحم، كتاب المهدي، كتاب الحدود)<br>(۲) سنن النسائي (كتاب عشرة النساء، كتاب تحريم الدم، كتاب البيعة)<br>(۳) سنن ابن ماجه (المقدمة (مع حذف فضائل الصحابة)، كتاب الزكاة، كتاب الأضاحي، كتاب الذبائح) | ۳<br>۳<br>۳ |
| اصولِ حدیث | مقدمة ابن الصلاح (النصف الأول) | ۳ |
| علمِ جرح وتعدیل ونقدِ حدیث | بحوث في علم الجرح والتعديل: أنيس أحمد المدني<br>أصول منهج النقد عند أهل الحديث: عصام أحمد البشير | ۱ |
| فقہ مقارن | بداية المجتهد: ابن رشد (الجزء الثاني) [كتاب النكاح وكتاب الطلاق] | ۶ |
| اصولِ فقہ | الجامع لمسائل أصول الفقه وتطبيقها على المذهب الراجح: د. عبد الكريم النملة [مختارات] | ۳ |

| | | |
|---|---|---|
| ادبِ عربی (عہدِ جدید) | (١) المنتقیٰ من الأدب العربي: العصر الجديد [النصوص]<br>(٢) المنتقیٰ من الأدب العربي: العصر الجديد [القصائد]<br>☆ تدریس کے آغاز سے قبل چھ محاضرات میں عہدِ جدید کی ادبی تاریخ بیان کردی جائے۔ مرجع: تاريخ الأدب العربي: أحمد حسن الزيّات | ۳<br>۳ |
| انگریزی | پروانچل یونیورسٹی کا نصاب، بی اے سالِ اول | ۶ |
| اُردو ادب | ۱۔ پروانچل یونیورسٹی کا نصاب، بی اے سالِ اول<br>۲۔ اُردو ادب کی تاریخ (بذریعۂ لیکچرس) | ۱ |
| ادیان | یہودیت، نصرانیت، ہندومت، سکھ مت، بدھ مت، جین مت کا تعارف (بالخصوص ہندومت کا مطالعہ تحقیقی طور پر)<br>مذاہبِ عالم ایک تقابلی مطالعہ: مولانا انیس احمد فلاحی مدنی | ۲ |
| ایجوکیشن | (اصولِ تدریس، تعلیمی نفسیات) فن تعلیم وتربیت: افضل حسین | ۱ |

نوٹ: طالب علم عربی/ اُردو/ انگریزی زبان میں استاد کی رہنمائی میں فقہ اور تقابلِ ادیان پر بیس بیس صفحات پر مشتمل ایک ایک مقالہ تحریر کرے گا۔ یہ مقالے بیس بیس نمبر کے ہوں گے۔ عناوین کی تعیین اور اشراف متعلق اساتذہ کریں گے۔

## عربی ہفتم (فضیلت سالِ دوم)

| فن | متعین کتاب | ہفتہ وار گھنٹیاں |
|---|---|---|
| تفسیرِ قرآنِ مجید | سورۃ الفاتحۃ تا سورۃ الانعام:<br>ششماہی اول: سورۃ الفاتحۃ وسورۃ البقرۃ تحقیقاً، سورۃ آل عمران سرداً<br>ششماہی دوم: سورۃ النساء وسورۃ المائدۃ تحقیقاً، سورۃ الانعام سرداً | ۹ |
| علومِ قرآن | (١) التكميل في أصول التأويل: الفراهي [مختارات]<br>(۲) قرآن مجید پر مستشرقین اور ہندوؤں کے اعتراضات کا جائزہ (مطبوعہ ادارۂ علمیہ)<br>برائے مطالعہ: تفسیر قرآن کے اصول: حمید الدین فراہی، ترتیب وترجمہ: خالد مسعود (نصف آخر) | ۱<br>۱ |
| حفظِ قرآن | سورۃ یوسف | |

| | | |
|---|---|---|
| حدیث | (١) صحيح البخاري (كتاب العلم، كتاب المظالم والغصب، كتاب الشهادات، كتاب التفسير (من باب ما جاء في فاتحة الكتاب إلى نهاية سورة التوبة))<br>(٢) صحيح مسلم (كتاب الإيمان، كتاب النكاح ، كتاب البيوع، كتاب الجهاد والسير)<br>(٣) سنن الترمذي (أبواب الاستئذان والآداب عن رسول الله ﷺ وأبواب الأدب عن رسول الله ﷺ كاملا، وأبواب مختارة من كتاب الشمائل) | ۳<br>۳<br>۳ |
| اصولِ حدیث | مقدمة ابن الصلاح (النصف الآخر) | ۲ |
| فقہ النوازل | فقه النوازل والقواعد الفقهية (طبعة الإدارة العلمية) المشتمل على: آداب الفتوى والمفتي والمستفتي: النووي، ومنهج استنباط أحكام النوازل الفقهية المعاصرة: د. مسفر بن علي القحطاني (الفصل الخامس: التطبيقات الفقهية لاستخراج أحكام النوازل المعاصرة) | ۶ |
| قواعدِ فقہیہ | فقه النوازل والقواعد الفقهية (طبعة الإدارة العلمية) المشتمل على: المدخل الفقهي العام: مصطفى أحمد الزرقا (الباب العاشر: القواعد الكلية في الفقه الإسلامي) | ۳ |
| ادبِ عربی (عہدِ جاہلی) | (١) جمهرة خطب العرب (العصر الجاهلي ونثر الأعراب) [مختارات]<br>(٢) المعلقات السبع (معلقة عمرو بن كلثوم وزهير وإمرئ القيس كاملا [مع حذف بعض الأبيات] ومختارات من معلقة لبيد وعنترة والحارث بن حلزة وطرفة)<br>☆ تدریس کے آغاز سے قبل چھ محاضرات میں عہدِ جاہلی کی ادبی تاریخ بیان کردی جائے۔ مرجع: تاريخ الأدب العربي: أحمد حسن الزيّات | ۲<br>۴ |
| انگریزی | پروانچل یونیورسٹی کا نصاب، بی اے سالِ دوم وسالِ سوم (منتخبات) | ۶ |

| | | |
|---|---|---|
| اُردو ادب | ۱۔ پروانچل یونیورسٹی کا نصاب، بی اے سالِ دوم وسالِ سوم (منتخبات)<br>۲۔ اُردو میں تنقید نگاری | ۱ |
| فرق وتحریکات | اسلامی فرقوں، نیز اسلامی وغیر اسلامی تحریکات کا تعارف (بذریعۂ لیکچرس):<br>خوارج، اباضیہ، شیعہ (امامیہ، زیدیہ، اسماعیلیہ، نصیریہ، بابیہ، بوہرہ)، مرجئہ، معتزلہ، جہمیہ، اشاعرہ، ماتریدیہ، جماعتِ اسلامی، الاخوان المسلمون، جماعتِ اہلِ حدیث، تبلیغی جماعت، آر ایس ایس (مطبوعہ ادارۂ علمیہ) | ۱ |
| اسرارِ شریعت | حجة الله البالغة: شاه ولي الله الدهلوي [مختارات]<br>☆ تدریس کے آغاز میں تین محاضرات میں علم المقاصد کا تعارف کرا دیا جائے۔ | ۳ |

نوٹ: سندِ فضیلت کے حصول کے لیے کم از کم ۷۵ صفحات پر مشتمل ایک علمی وتحقیقی مقالہ بزبان عربی/اُردو/انگریزی پیش کرنا ہوگا۔

## فلاح تعلیمی کیلنڈر [بابت ۲۷-۲۰۲۶ء مطابق ۴۸-۱۴۴۷ھ]

| | | |
|---|---|---|
| آغاز تعلیمی سال ۲۷-۲۰۲۶ء | ۳۰/مارچ ۲۰۲۶ء | ۱۰/شوال ۱۴۴۷ھ |
| پہلا داخلہ ٹسٹ | یکم اپریل ۲۰۲۶ء | ۱۲/شوال ۱۴۴۷ھ |
| دوسرا داخلہ ٹسٹ | ۵/اپریل ۲۰۲۶ء | ۱۶/شوال ۱۴۴۷ھ |
| آغازِ تعلیم | ۱۱/اپریل ۲۰۲۶ء | ۲۲/شوال ۱۴۴۷ھ |
| تعطیلِ عید الاضحیٰ | ۲۶ تا ۳۱/مئی ۲۰۲۶ء | ۸ تا ۱۳/ذوالحجہ ۱۴۴۷ھ |
| تربیتی ورکشاپ برائے معلّمین ومعلّمات | ۱، ۲/جون ۲۰۲۶ء | ۱۴، ۱۵/ذوالحجہ ۱۴۴۷ھ |
| امتحان ششماہی | ۹ تا ۲۴/اگست ۲۰۲۶ء | ۲۵/صفر تا ۱۰/ربیع الاول ۱۴۴۸ھ |
| تعطیلِ ششماہی | ۲۵/اگست تا ۱۵/ستمبر ۲۰۲۶ء | ۱۱/ربیع الاول تا ۳/ربیع الآخر ۱۴۴۸ھ |
| آغاز ششماہی ثانی | ۱۶/ستمبر ۲۰۲۶ء | ۴/ربیع الآخر ۱۴۴۸ھ |
| اعلانِ نتائج ششماہی | ۷/اکتوبر ۲۰۲۶ء | ۲۵/ربیع الآخر ۱۴۴۸ھ |
| امتحان سالانہ | ۹ تا ۲۴/جنوری ۲۰۲۷ء | ۳۰/رجب تا ۱۵/شعبان ۱۴۴۸ھ |
| اعلانِ نتائج سالانہ | ۲/فروری ۲۰۲۷ء | ۲۴/شعبان ۱۴۴۸ھ |
| تعطیلِ کلاس | ۳/فروری تا ۱۸/مارچ ۲۰۲۷ء | ۲۵/شعبان تا ۹/شوال ۱۴۴۸ھ |